17واں اجلاس

خفیہ

ایوان میں پیش کیے جانے سے قبل اشاعت کی اجازت نہیں ہے

صوبائی اسمبلی پنجاب

بروز منگل 29 اکتوبر 2024

فہرست نشان زدہ سوالات اور جوابات

بابت

محکمہ جات

1۔ اطلاعات و ثقافت

2۔ انسانی حقوق و اقلیتی امور

پنجاب انفارمیشن کمیشن کے قیام اور اس میں موجود کل اسامیوں سے متعلقہ و دیگر تفصیلات

*178: جناب امجد علی جاوید: کیا وزیر اطلاعات و ثقافت ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) پنجاب انفارمیشن کمیشن کب قائم کیا گیا اور اس کی ہیت ترکیبی کیا تھی کیا یہ کمیشن مکمل طور پر فنکشنل ہو چکا ہے؟

(ب) کیا پنجاب انفارمیشن کمیشن کے سروس رولز بن چکے ہیں اگر بن چکے ہیں تو اس کی کاپی فراہم کی جائے۔

(ج) اس وقت پنجاب انفارمیشن کمیشن میں کل کتنی اسامیاں ہیں اور ان پر کتنے آدمی کام کر رہے ہیں کتنی اسامیاں خالی ہیں اور ان میں سے کتنے کمیشن کے ملازم ہیں کتنے دیگر محکموں سے مستعار لیے گئے ہیں کتنے کل وقتی اور کتنے جز وقتی ملازم ہیں تفصیلات فراہم کی جائیں۔

(تاریخ وصولی 19 مارچ 2024 تاریخ ترسیل 18 اپریل 2024)

جواب

وزیر اطلاعات و ثقافت

(الف) پنجاب انفارمیشن کمیشن 2014 میں پنجاب ٹرانسپرنسی اینڈ رائٹ ٹو انفارمیشن ایکٹ 2013 کے تحت قائم کیا گیا جو کہ اس وقت مکمل طور پر فنکشنل ہو چکا ہے۔

(ب) پنجاب انفارمیشن کمیشن کے سروس ریگولیشن بن چکے ہیں۔ جو محکمہ قانون اور پارلیمانی امور پنجاب نے مورخہ 21.12.2018 کو شائع کیے ہیں (کاپی ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے)

(ج) پنجاب انفارمیشن کمیشن میں کل 39 اسامیاں ہیں جن میں سے 23 اسامیاں خالی ہیں۔ اس وقت 16 ملازمین کام کر رہے ہیں۔ تفصیل حسب ذیل ہے:-

(1) 03 انفارمیشن کمیشنرز

(2) 06 ملازمین ریگولر

(3) 07 ملازمین کنٹریکٹ پر۔

(تاریخ وصولی جواب 3 مئی 2024)

ٹوبہ ٹیک سنگھ ضلع بھر میں محکمہ اطلاعات کے دفتر میں خالی اسامیوں سے متعلق تفصیلات

*1327: جناب امجد علی جاوید: کیا وزیر اطلاعات و ثقافت ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ میں محکمہ اطلاعات کے دفتر میں سٹاف کی کس کس گریڈ کی کل کتنی اسامیاں ہیں کتنی اسامیاں کب سے خالی ہیں کیا محکمہ ان خالی اسامیوں کو پر کرنے کا ارادہ رکھتا ہے تو کب تک۔

(ب) محکمہ اطلاعات ٹوبہ ٹیک سنگھ کا سالانہ بجٹ کتنا ہے اور ان کی محکمانہ ذمہ داریاں کیا ہیں تفصیلات فراہم کی جائیں۔

(ج) کیا محکمہ اطلاعات ٹوبہ ٹیک سنگھ کا دفتر محکمہ کی اپنی بلڈنگ یا کرایہ کی عمارت میں ہے اگر کرایہ کی عمارت میں ہے تو اس کی وجوہات سے آگاہ فرمایا جائے کیا محکمہ اطلاعات اپنے ضلعی دفتر کو اپنی بلڈنگ میں منتقل کرنے کا ارادہ رکھتا ہے تو کب تک۔

(تاریخ وصولی 22 جون 2024 تاریخ ترسیل 10 اگست 2024)

جواب

وزیر اطلاعات و ثقافت

(الف) ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ میں محکمہ اطلاعات کے دفتر میں سٹاف کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے۔

انفارمیشن آفیسر	01	filled
فوٹو گرافر	01	filled
سینئر کلرک	01	filled
جونیئر کلرک	01	vacant
نائب قاصد	01	vacant
چوکیدار	01	filled

خالی اسامیاں حکومت کی طرف سے پابندی اٹھائے جانے کے بعد fill کر دی جائیں گی۔

(ب) محکمہ کا سالانہ بجٹ کی تفصیل درج ذیل ہے۔

پے اینڈ الاؤنسز- / 48,91,000

متفرق اخراجات- / 8,96,000

دفتر اطلاعات ضلع میں حکومتی ترجمانی اور سرکاری تشہیر کے فرائض ادا کرتا ہے۔

(ج) اس وقت مناسب سرکاری عمارت میسر نہ ہونے کی وجہ سے دفتر کرائے کی عمارت میں قائم ہے۔ دفتر اپنی عمارت کے حصول کے لیے متعلقہ اتھارٹی کے ساتھ رابطے میں ہے۔ جیسے ہی کوئی مناسب سرکاری عمارت ملے گی۔ دفتر اس میں شفٹ ہو جائے گا۔

(تاریخ وصولی جواب 30 اگست 2024)

صوبہ بھر میں اقلیتوں کی عبادت گاہوں پر سیکیورٹی سے متعلق تفصیلات

*1441: جناب فیلبوس کرسٹوفر: کیا وزیر انسانی حقوق و اقلیتی امور ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیا یہ درست ہے کہ آئین پاکستان اقلیتوں کی عبادت گاہوں کے تحفظ کی ضمانت دیتا ہے؟

(ب) صوبہ بھر میں کل کتنے چرچ ہیں اور کیا ان تمام چرچوں پر عبادت کے وقت پولیس سیکیورٹی موجود ہوتی ہے۔

(ج) اگر جواب اثبات میں ہے تو حکومت اقلیتی عبادت گاہوں پر عبادت کے وقت سیکیورٹی کو یقینی بنانے کا ارادہ رکھتی ہے اگر نہیں تو وجہ بیان فرمائی جائے۔

(تاریخ وصولی 8 جولائی 2024 تاریخ ترسیل 21 اگست 2024)

(جواب موصول نہیں ہوا)

لاہور | چودھری عامر حبیب

مورخہ 28 اکتوبر 2024 | سیکرٹری جنرل

بروز منگل 29 اکتوبر 2024 کو محکمہ جات 1۔ اطلاعات وثقافت 2۔ انسانی حقوق واقلیتی امور کے سوالات وجوابات کی فہرست اور نام اراکین اسمبلی

نمبر شمار	نام رکن اسمبلی	سوالات نمبر
1	جناب امجد علی جاوید	1327-178
2	جناب فیلبوس کرسٹوفر	1441

صوبائی اسمبلی پنجاب

نوٹس برائے زیرو آر (Notice Zero Hour)

بروز منگل 29۔اکتوبر 2024

محکمہ: ہاؤسنگ، شہری ترقی و پبلک ہیلتھ انجینئرنگ

210: محترمہ مہوش سلطانہ : میں یہ تحریک پیش کرتی ہوں کہ اہمیت عامہ رکھنے والے فوری نوعیت کے ایک اہم معاملے کو زیر بحث لایا جائے معاملہ یہ ہے کہ تحصیل چوآسیدن شاہ ضلع چکوال میں 2017 میں کاشت کاروں کو Compensation کی مد میں "واٹر سپلائی اینڈ سولر پینل" کی سکیم دی گئی جو تاحال نامکمل ہے۔ لہذا مجھے اس پر بات کرنے کی اجازت دی جائے۔

محکمہ: داخلہ

219: چودھری افتخار حسین چھچھر: میں یہ تحریک پیش کرتا ہوں کہ اہمیت عامہ رکھنے والے فوری نوعیت کے ایک اہم معاملے کو زیر بحث لایا جائے معاملہ یہ ہے کہ سوشل میڈیا اور چند اخبارات میں پنجاب کالج لاہور کی برانچ میں مبینہ طور پر بچی کے ساتھ زیادتی کا واقعہ رپورٹ کیا گیا جو سراسر غلط بیانی پر مبنی ہے اور اس واقعہ کو سوشل میڈیا، اخبارات میں بے جا اچھالا گیا ہے جس کی وجہ سے صوبہ بھر میں امن و امان کا مسئلہ پیدا ہوا ان کے خلاف سخت ترین کارروائی ہونی چاہیے۔ لہذا مجھے اس پر بات کرنے کی اجازت دی جائے۔

لاہور

28۔اکتوبر 2024

چودھری عامر حبیب

سیکرٹری جنرل